© rasailojaraid.com



# تعارف کتب

◉ **قوم پرستی اور اس کے نقصانات**، مولانا مرغوب احمد لاجپوری۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، ایس ٹی/۹-ای، بلاک ۸، گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۴۶۔ قیمت: ۶۰ روپے۔[قوم پرستی ہمارے ملک کے اہم ترین سیاسی مسائل میں سے ایک ہے۔ وعظ و تلقین اس مسئلے کا حل نہیں۔ یہ گہرے مطالعے اور عملی تدابیر کا تقاضا کرتا ہے۔ مصنف نے قرآن و حدیث کی روشنی میں عصبیت کے مہلک مرض کی مذمت کی ہے اور نتائج سے خبردار کیا ہے۔]

◉ **عنایت علی خان، شخصیت وفن**، مرتبین: محمد افضال، عبداللطیف انصاری۔ ملنے کا پتا: مکان نمبر ۱۶۲۲، اقبال کالونی، یونٹ نمبر ۱۲، لطیف آباد، حیدر آباد، سندھ۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔[عنایت علی خان خوش قسمت ہیں کہ ان کے دوستوں نے انھیں زندگی ہی میں خراجِ تحسین پیش کر دیا۔ ان کے مزاحیہ اور غیر مزاحیہ کلام کا انتخاب، کچھ مضامین، خصوصی انٹرویو اور دوستوں کے مضامین شامل اشاعت ہیں۔ ان کی باغ و بہار، ہمہ جہت اور متنوع شخصیت کی بہت اچھی جھلک۔]

◉ **خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق چند فکری مغالطے**، ریاض الرحمٰن قریشی۔ بہاؤالدین زکریا یونی ورسٹی، ملتان۔ صفحات: ۱۴۰۔ قیمت: درج نہیں۔[خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں دینی حلقوں کا موقف معروف ہے لیکن جب انھی میں سے کوئی ان کے حق میں لکھے تو کچھ لوگوں کو الجھن ہو جاتی ہے۔ مصنف نے اپنے ایک صاحبِ علم دوست کے ایسے ہی بعض مغالطوں کو دُور کرنے کی کوشش کی ہے۔ اچھی بات یہ ہے کہ ان کی تحریر بھی مکمل دی ہے۔]

◉ **الصرف الجمیل** (الجزء الاوّل، الجزء الثانی)۔ تالیف: الاستاذ محمد بشیر۔ ناشر: دارالعلم، ۶۹۹ آبپارہ مارکیٹ، اسلام آباد۔ صفحات، اوّل: ۱۲۸، دوم: ۱۹۶۔ قیمت بالترتیب: ۵۰ روپے، ۱۰۰ روپے۔[اس کتاب میں مؤلف نے عربی زبان کے افعال کی گردانوں اور ان کے روزمرہ استعمال کو مؤثر اور سہل اسلوب میں پیش کیا ہے۔ عام فہم اور ہر قاری کے لیے مفید، خصوصاً مدارسِ عربیہ میں زیر تعلیم طلبہ و طالبات کے لیے گراں قدر سرمایہ۔ عربی گرامر کے قواعد و ضوابط کو تصاویر کے ذریعے سمجھایا گیا ہے۔]

◉ **You Can Climb Up**، محمد بشیر جمعہ۔ ٹائم مینجمنٹ کلب، پوسٹ بکس ۱۲۳۴۵۶، ڈی ایچ اے، کراچی-۷۵۵۰۰۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۶۰ روپے۔[کامیابی کی شاہراہ پر سفر کرانے کے لیے بشیر جمعہ کا نام محتاجِ تعارف نہیں۔ اس مختصر کتاب میں انھوں نے مطالعے اور امتحان کے طریقے، وقت کا بہترین استعمال اور کیریئر کی منصوبہ بندی جیسے موضوعات کا احاطہ کیا ہے۔]

---

© rasailojaraid.com